QRickit

4108CH01


1

# بارش اور پراٹھے

"نیلے آسمان پر آج کالے بادل آ گئے ہیں۔ لگتا ہے، بارش ہو گی۔" پرویز تایا نے کہا۔ ثنا نے بوتل میز پر رکھ دی۔ پلکیں اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھا اور بولی، "جی تایا، میں امّی سے کہتی ہوں، آلو کے پراٹھے بنا لیں، مزہ آئے گا۔"



© NCERT not to be republished



"ٹماٹر کی چٹنی اور آم کا اچار بھی۔" ثوبیہ بولی۔

"پچھلی بارش میں ہم نے کاغذ کی ناؤ بنائی تھی نا۔" ثنا نے کہا۔

"ہاں! ٹب میں پانی بھر کر وہ ناؤ چلائی بھی تھی۔" ثوبیہ نے آنکھیں مٹکاتے ہوئے جواب دیا۔

"لو، تمھارے ابّو بھی آگئے ہیں۔ اب اور مزہ آئے گا"۔ تایا نے ابّو کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

ابّو کے ہاتھ میں تربوز، پپیتا اور ٹماٹر تھے۔

اتنے میں ہلکی ہلکی بوندیں پڑنے لگیں۔ ذرا سی دیر میں موسم خوش گوار ہو گیا۔ سب باہر نکل آئے۔ موسم کی پہلی بارش کے سب نے خوب مزے لیے۔



© NCERT not to be republished

# ☜ اساتذہ کے لیے ہدایات:

- اس کہانی کی مدد سے ہمیں بچّوں کو 9 حروف سکھانے ہیں۔

ا ب پ ت ٹ ث ن ی ے

- آپ بچّوں سے سوال کریں کہ اس کہانی کو سن کر ایسے الفاظ بتائیں جن کے شروع میں 'ب' کی آواز ہے۔ بچے بارش، بوتل، بادل وغیرہ کے نام بتائیں گے۔
- ان کے بتائے ہوئے ناموں کی روشنی میں استاد تختۂ سیاہ پر 'ب' لکھ کر بتائیں کہ یہ تینوں چیزیں اردو کے حرف 'ب' سے شروع ہوئی ہیں۔
- اسی طرح باقی آٹھ حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کے بھی نام پوچھ کر سبھی حروف سے بچّوں کو متعارف کرائیں۔
- پھر ان حروف کی ذیلی (ٹوٹی) شکلیں بتائیں۔ جیسے: 'ب' گروپ کی ذیلی شکلیں ہیں:

بـ پـ تـ ٹـ ثـ

- یہاں یہ بھی بتانے کی ضرورت ہے کہ 'ن ی ے' کی ذیلی شکلیں 'ب' گروپ کی ذیلی شکلوں کی طرح ہی ہوتی ہیں جیسے نـ ـنـ ـن اور یـ ـیـ ـی۔

پھر ان حروف کو جوڑ کر بنائے جانے والے آسان الفاظ تختۂ سیاہ پر لکھیں۔ جیسے:

ب + ا = با ن + ا = نا

با سے بابا اور نا سے نانا بنانا سکھائیں۔

- بچّوں کو بتایا جائے کہ اردو میں نقطوں کی بڑی اہمیت ہے۔ نقطہ ایک ڈاٹ (.) ہوتا ہے۔ کئی حروف ایسے ہیں جن کی شکل ایک جیسی ہے۔ ان میں نقطوں کی تعداد یا ان کے لگائے جانے کی جگہ کی وجہ سے نئے حروف بن جاتے ہیں۔
- بچّوں سے پہلے آسان (دو حرفی، سہ حرفی) لفظوں کے لکھنے کی ابتدا کرائی جائے۔ انھیں یہ بھی بتایا جائے کہ اردو میں لفظ لکھتے ہوئے آخری حرف کی پوری شکل لکھی جاتی ہے۔ جیسے بات، ٹاٹ اور ٹب میں۔
- انھیں بتائیں کہ الف کی آواز 'ا' کی ہوتی ہے۔ اسے 'ب'، 'پ' یا 'ن' کے ساتھ ملانے سے 'با' 'پا' اور 'نا' کی آوازیں بن جاتی ہیں۔
- بچّوں کو بتایا جائے کہ چھوٹی 'ی' کی آواز 'ای' کی ہوتی ہے۔ اسے 'ب'، 'پ' یا 'ن' کے ساتھ ملانے سے یہ 'بی' 'پی' اور 'نی' کی آوازیں بن جاتی ہیں۔
- اسی طرح بڑی 'ے' کی دو آوازیں ہیں۔ اِے اور اَے۔ انھیں 'ب'، 'پ' یا 'ن' کے ساتھ ملانے سے بالترتیب بِے، پِے، نِے اور بَے، پَے اور نَے کی آوازیں بن جاتی ہیں۔ مثلاً پیڑ، سیب اور بَیر غَیر۔




© NCERT not to be republished

# مشق

## 1. حروف کو ملوائیے






| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ا | ب | | | = اب |
| ت | ب | | | = تب |
| ب | ا | | | = با |
| ت | ا | ب | | = تاب |
| ن | ا | | | = نا |
| ت | ا | | | = تا |
| ت | ا | ی | ا | = تایا |
| پ | ا | ی | ا | = پایا |
| ٹ | ا | ٹ | ا | = ٹاٹا |
| پا | ا | پ | ا | = پاپا |
| ت | ا | پ | | = تاپ |
| ب | ا | ت | | = بات |
| ٹ | ا | ٹ | | = ٹاٹ |






© NCERT not to be republished

## ای بی پی تی ٹی نی




ا ی = ای

ب ی = بی

پ ی = پی

ت ی = تی


ٹ ی = ٹی

ن ی = نی

ن ا ن ی = نانی

پ ا ن ی = پانی

## اے بے پے تے ٹے نے




ا ے = اے

ب ے = بے

پ ے = پے

ت ے = تے

ٹ ے = ٹے

ن ے = نے

© NCERT not to be republished



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پ | ا | ن | ے | = | پانے |
| ن | ا | ٹ | ے | = | ناٹے |




## 2. حروف کو ملا کر لفظ بنوایئے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پ | ا | ن | | = | ____________ |
| ب | ا | ت | | = | ____________ |
| ن | ا | ن | ا | = | ____________ |
| ب | ا | ب | ا | = | ____________ |



## 3. دیے گئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوایئے


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ٹب | = | | | | |
| پاٹ | = | | | | |
| ٹاٹا | = | | | | |
| پانی | = | | | | |
| ثابت | = | | | | |







© NCERT not to be republished

4. نیچے دی ہوئی تصویروں کا پہلا حرف لکھوائیے








5. بچّوں سے ناؤ کی تصویر بنوا کر اس میں رنگ بھروائیے

6. بچّوں سے کاغذ کی ناؤ بنوائیے



© NCERT not to be republished